عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز جمعہ 23 اکتوبر 2026ء/ 11 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 205

تحریک انصاف کو یوٹیوبرز نے برباد کر کے رکھ دیا ہے، وزیر دفاع

یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں، جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے

ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی کہ جس شخص کی حمایت کے دعوے کئے جارہے ہوں، اُسی کی آزمائشوں اور مشکلات کو بیچ کر ڈالرز کمائے جارہے ہوں، وزیر دفاع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں، جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ایل پی جی کی قیمت میں 100 روپے فی کلو اضافہ

لکڑی کی فی من قیمت میں بھی 300 روپے تک اضافہ ہوگیا

اسلام آباد (جی این ایم) ایک جانب عوام کو سوئی گیس کے کم پریشر اور لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے تو دوسری ایل پی جی کی بڑھتی قیمتوں کے باعث شہری کافی پریشان ہیں۔ کراچی میں ایل پی جی کی قیمت میں چند روپے نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال

محدود پیمانے کی بنیاد پر پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جارہی ہے، کسٹمز حکام

گوادر (جی این ایم) گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال کردی گئیں، جہاں سامان کی ترسیل اور ایکسپورٹ کی کلیئرنس دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق محدود پیمانے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیرِ صدارت اجلاس

زیادہ ریفیوزلز والی یونین کونسلز میں نئی پولیو ٹیمیں تعینات کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ضلعی انتظامیہ شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے، مہراللہ

عوامی شکایات پر بروقت کارروائی اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

انتظامی نظام کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کھلی کچہریاں اہم ذریعہ ہیں، کھلی کچہری میں اظہار خیال

کوئٹہ (جی این ایم) مسائل کا حل خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ ان شعبوں میں بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے درمیان مربوط حکمتِ عملی، باقاعدہ نگرانی اور شہریوں کے ساتھ مسلسل رابطہ ضروری ہے۔ کھلی کچہری جیسے اقدامات اس رابطے کو مضبوط بنانے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

قائد جمعیت کے خلاف منفی پروپیگنڈا جلد دم توڑ جائے گا، مولانا عبدالواسع

جمعیت علمائے اسلام نظریاتی اور عوامی جماعت ہے، شہدا کی قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں، صوبائی امیر

جے یو آئی کے زیر اہتمام منعقدہ ڈاکٹر سرفراز خان شہید کانفرنس سے خطاب (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

قلعہ سیف اللہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے



لاہور: صدر آصف علی زرداری سعودی پاکستان رئیل اسٹیٹ ایکسپو کے دورے کے دوران تقریب سے خطاب کررہے ہیں

سعودی دمام ایئرپورٹ اور آئل فیلڈ پر حملے، 3 افراد ہلاک پاکستانی سمیت 10 زخمی

حملے میں زخمی ہونے والوں کی چوٹیں معمولی سے شدید نوعیت کی ہیں، تاہم حملے میں استعمال ہونے والے ڈرون یا اس کے ماخذ کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں دی گئی

سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے گذشتہ چند گھنٹوں کے دوران تیل سے مالا مال مشرقی علاقے میں پانچ ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب کے جنرل اتھارٹی آف سول ایوی ایشن نے کہا ہے کہ مشرقی شہر دمام میں واقع کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 8 افراد زخمی ہوگئے۔ ادارے نے ایک بیان میں کہا کہ حملے میں زخمی ہونے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز و سے ملاقات

ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ، تجارتی تعاون اور پارلیمانی سفارت کاری پر زور دیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز و سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، پارلیمانی سفارت کاری کے فروغ، تجارتی و معاشی تعاون (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



خیبر پختونخوا: اپیکس کمیٹی کا اجلاس دہشتگردی کے مکمل خاتمے پر اتفاق

خیبر پختونخوا کو جتنی گندم درکار ہے فراہم کریں گے، گندم کی ذخیرہ اندوزی نہیں ہونی چاہیے، سیف سٹیز منصوبے مکمل کرنے کی ہدایات دے دی ہیں، شہباز شریف کا خطاب

پشاور (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے پر اتفاق کرلیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی کی زیر صدارت گورنر ہاؤس پشاور میں اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جہاں صوبے کی سیاسی صورتحال اور حالیہ پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، عطا تارڑ، امیر مقام اور رانا ثناءاللہ، گورنر فیصل کریم کنڈی، چیف سیکرٹری، آئی جی اور کور کمانڈر پشاور بھی شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے پر اتفاق کیا گیا جبکہ مسلح افواج، پولیس اور عوام کی شہادتوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، ہمارے جوانوں اور افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے شرکا سے کہا کہ آپ کو صوبے کی پولیس، سیف سٹیز، سی ٹی ڈی کے لیے جو کچھ چاہیے وفاق دے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ترقیاتی کاموں اور سیکورٹی کو فول پروف بنانے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے ہیں، صوبے میں ترقیاتی کاموں کیلئے وفاق 160 ارب (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

امن و امان کی بحالی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، ضیاء اللہ لانگو

بلوچستان میں امن و امان کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

امن و امان کے قیام کے لیے پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کو قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھانی چاہئیں، اے این این سے خصوصی بات چیت

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح اور امن و امان کی بحالی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، صوبے میں پائیدار امن کا قیام، شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی اور قانون کی عمل داری یقینی بنانا (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں: حافظ نعیم الرحمٰن

42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے، مرکزی امیر جماعت اسلامی

کراچی (جی این ایم) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں، 42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی کو سندھ حکومت کی جانب سے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

واشنگٹن مشرق وسطیٰ کے تحفظ کا ضامن نہیں، اپنی حفاظت خود کریں، امریکی سفیر

دوسری جنگِ عظیم کے بعد قائم ہونے والا سیکیورٹی نظام ایک باہمی معاہدے پر مبنی تھا

استنبول (جی این ایم) ترکی میں امریکی سفیر اور شام و عراق کے لیے صدارتی ایلچی، ٹام برک نے کہا کہ امریکہ اب تیل کے بدلے مشرقِ وسطیٰ کو تحفظ فراہم کرنے کا اپنا کردار مزید ادا نہیں کرسکتا۔ انہوں نے خطے کے ممالک کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی سلامتی کو یقینی بنانے پر توجہ دیں۔ دی وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق، قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقدہ گلوبل سیکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

پختونخوا میں گورنر راج کے بعد تحریک انصاف سے پہلا استعفیٰ

آپ بانی چیئرمین کے اچھے اور پرانے ساتھی ہیں، ذمے داریاں نبھاتے رہیں، چیئرمین کا جواب

اسلام آباد (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے بعد پاکستان تحریک انصاف سے پہلا استعفا سامنے آ گیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے ہیں۔ فردوس شمیم نقوی نے اپنا استعفا پارٹی قیادت کو بھجوا دیا ہے۔ واضح رہے کہ بیرسٹر گوہر نے گزشتہ دنوں فردوس شمیم نقوی کو مشعال یوسفزئی کو نوٹس جاری کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

امریکا و اسرائیل کا انتخابات کے بعد ایران پر نئے حملوں کا منصوبہ تیار

نیویارک (جی این ایم) امریکی اور اسرائیلی افواج نے امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملوں کے منصوبے (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

وفاقی حکومت کا سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



اسلام آباد، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جمہوریہ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز و ملاقات کررہے ہیں

قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف منفی پروپیگنڈا مہم کی جے یو آئی کوئٹہ کی شدید مذمت

سیاسی اختلاف کا جواب کردار کشی سے دینا دلیل کی کمزوری اور سیاسی دیوالیہ پن ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ قائدِ جمعیت (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے

عوام کو ریلیف دلانے کے لیے مذاکرات اور احتجاج ساتھ ساتھ جاری رہیں گے، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (جی این ایم) پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے ہوگیا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں پیٹرول لیوی کے خاتمے کے معاملے پر حکومتی اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کے اجلاس کا فیصلہ کیا گیا۔ لیاقت بلوچ کے مطابق حکومتی اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس 23 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگا، (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی میں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے شرکا سے خطاب کررہے ہیں

معاشی استحکام کے بعد آمدات پر مبنی پائیدار ترقی ترجیح ہے، بلال اظہر

طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی و فاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات

وسائل کی نچلی سطح تک منصفانہ تقسیم اور مالیاتی و فاقیت کے مسائل حل کرنا ضروری ہیں، کاسی ای اوسمٹ سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام کے بعد برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی کا حصول حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی و فاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، صوبوں کے ترقیاتی اخراجات کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ اضلاع میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ان (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ

مریضوں کو ادویات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار، فارمیسی اسٹاف اور ایم ایس سول ہسپتال کے اقدامات کو سراہا

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ٹینگ ڈائریکٹر ٹراما سینٹر ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے صوبائی وزیر صحت کو سینٹر کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات، ایمرجنسی سروسز اور مریضوں کو فراہم کی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی کے لیے روانہ

لاہور (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی کے لیے روانہ ہوگئے۔ صدر مملکت دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

دشمن صرف طاقت کی زبان سمجھتا ہے، ڈرون ٹیکنالوجی میں ترقی کرلی، پاسداران انقلاب

تہران (جی این ایم) احمد واحدی نے دعویٰ کیا کہ ایران سمندر میں بھی اپنی مضبوط موجودگی برقرار رکھے ہوئے ہے ایران (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

پاکستان کی ترقی نئے ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنائے بغیر ممکن نہیں، مصطفیٰ کمال

ملک میں بہت سے مسائل خراب گورننس کی وجہ سے ہیں، کیونکہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں کیے جاتے

موجودہ حالات سے صرف چند درجن خاندانوں کو فائدہ ہوا، باقی ملک مشکلات کا سامنا کررہا ہے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی نئے ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنائے بغیر ممکن نہیں۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری فارما ایشیا انٹرنیشنل 2026 ایگزیبیشن کے اختتامی روز وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ایکسٹرا کا دورہ کیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اتنے مشکل حالات میں بیرون ملک سے فارما کمپنیز کو لانے والوں کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ انتظامیہ کا کردار قابل تحسین ہے، اسی طرح سے ملازمتوں کے مواقع بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ایونٹس سے ہی ممالک نے ترقی کی ہے، پاکستان بھی اسی راستے پر گامزن ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک میں بہت سے مسائل خراب گورننس کی وجہ سے ہیں، کیونکہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں کیے جاتے۔ 100 فیصد میں سے کراچی کو (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

کمشنر کوئٹہ کی زیرِ صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس کا آن لائن اجلاس، پولیو مہم اور انتظامات کا جائزہ

مسڈ چلڈرن، ریفیوزلز اور نو ڈوز بچوں پر خصوصی توجہ، زیرو ڈوز بچوں کی تعداد کم ہو کر 8,708 رہ گئی

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیرِ صدارت کوئٹہ ڈویژن میں پولیو کی مجموعی صورتحال اور آئندہ پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس آن لائن اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو مہم کی کارکردگی، مسڈ چلڈرن، ریفیوزلز، نو ڈوز بچوں کی کوریج، سکیورٹی، مانیٹرنگ اور ویکسینیشن کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل کوآرڈینیٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

زرمبادلہ کے ذخائر 19.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، مالیاتی خسارے میں کمی

عالمی بینک کی رپورٹ: پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ، کریڈٹ ریٹنگ میں بھی بہتری

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی بینک نے پاکستان کی ترقیاتی صورتحال سے متعلق سال 2026 کی اقتصادی رپورٹ جاری کردی جس میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ عالمی بینک کے مطابق ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر کی ہے جبکہ پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



اسلام آباد، وزیراعظم کے مشیر برائے نجی کاری اور چیئرمین پرائیویٹائزیشن کمیشن محمد علی پرائیویٹائزیشن کمیشن بورڈ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سعودی عرب اور پاکستان کا دفاعی معاہدہ

ایک ملک پر حملہ دونوں پر حملہ تصور ہوگا، مشترکہ دفاعی کونسل قائم

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب اور پاکستان نے دفاعی معاہدے پر دستخط کردیے۔ معاہدے کے تحت ایک ملک پر حملہ دونوں پر حملہ تصور ہوگا۔ مشترکہ دفاعی کونسل قائم کی جائے گی۔ معاہدے پر سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے مسلح افواج کے درمیان تعاون بڑھایا جائے گا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز سے ملاقات کی اور کے دور پاکستان کا خیر مقدم کیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ پارلیمانی و اقتصادی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

بلوچستان کے اہل امیدواروں کی وفاقی ملازمتوں میں بھرتیوں کے لیے سیل قائم کردیا

اسلام آباد (جی این ایم) بلوچستان کے اہل امیدواروں کی وفاقی ملازمتوں میں بھرتیوں کے لیے سیل قائم کردیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے بلوچستان کے اہل (باقی صفحہ 2 نمبر 15)



اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے صدر جمہوریہ مالدیپ ڈاکٹر محمد معیز و ملاقات کررہے ہیں

پاکستان کا پہلا خلاباز چین سے خلائی سفر کیلئے تیار

25 نومبر کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا

اسلام آباد (جی این ایم) 25 نومبر 2026 کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا۔ اس اہم مشن کیلئے پاکستان کے دو پائلٹس، محمد ذیشان علی اور خرم داد، کو چین میں سخت طبی، نفسیاتی اور تکنیکی جانچ کے بعد خصوصی خلائی تربیت دی گئی ہے۔ اس خلائی سفر کیلئے ان میں سے ایک پائلٹ کو حتمی طور پر منتخب کیا جائے گا، جو چین کے خلائی اسٹیشن پر پاکستان کی نمائندگی کرے گا۔ یہ خلاباز صرف خلا کا وزٹ نہیں کرے گا، بلکہ وہاں سائنسی تجربات بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان کے سرکاری و نجی اداروں کو سائبر حملوں کا نیا خطرہ، انتباہ

ونڈرز کو سسٹمز، ڈیٹا اور سیکیورٹی اسناد تک رسائی سائبر خطرات بڑھا سکتی ہے، نیشنل سرٹ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کے سرکاری اور نجی اداروں کو تھرڈ پارٹی وینڈرز اور سپلائرز کے ذریعے ممکنہ سائبر حملوں کے نئے خطرے کا سامنا ہے۔ نیشنل سرٹ نے اداروں کو خبردار کرتے ہوئے سائبر سیکیورٹی کے موثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ نیشنل سرٹ کے مطابق کمزور سیکیورٹی کے حامل کاروباری شراکت داراداروں کے ڈیجیٹل نظام کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں، وینڈرز کو اداروں کے سسٹمز، ڈیٹا اور سیکیورٹی اسناد تک رسائی ملنے سے سائبر حملوں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے صدر جمہوریہ مالدیپ ڈاکٹر محمد معیز و ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ: ایل پی جی کی قیمت میں 10 روپے کا اضافہ

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں ایل پی جی کی فی کلو قیمت میں 10 روپے کا مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں ایل پی جی کی فی کلو قیمت (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

مالدیپ کی خاتون اول کی آصفہ بھٹو زرداری سے ملاقات، پرتپاک میزبانی پر اظہار تشکر

اسلام آباد (جی این ایم) مالدیپ کی خاتون اول ساجدہ محمد نے خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری سے ملاقات کو خوشگوار قرار (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

چین کیساتھ تیرفِ رعایتو میں اضافے کیلئے بات چیت جاری ہے، جام کمال

معمولی ضابطہ جاتی اخراجات اور طریقہ کار کی مشکلات بھی مجموعی طور پر برآمدات کی مسابقتی صلاحیت کو متاثر کرسکتی ہیں اس لیے ان معاملات پر توجہ دینا ناگزیر ہے۔

حکومت برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل، کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کیلئے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ رابطے میں ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ حکومت برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل، کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے لیے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے، اس ضمن میں برآمدات کی مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات پر کام جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سپریم کورٹ نے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کردی

جعلی ڈگری کیس کی سماعت جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کی

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کردی ہے جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے سابق رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بینچ سن سکتا ہے یا نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد عرفان
RNI No. BLO/271/353
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پشیل بائی روڈ چلڈرن ہسپتال کوارٹر روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 30 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم ایم جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823947/03332786520
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

وزیراعظم خصوصی فیول ریلیف پیکیج، اسکیم کامیابی سے جاری

پٹرول ریلیف اسکیم کروڑوں ٹوکنز کے استعمال سے حقیقی عوامی ریلیف تک





حال سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ایسے معاشی حالات میں وزیراعظم پٹرول ریلیف اسکیم کی اہمیت اس بات میں ہے کہ اس کے ذریعے عوام کو بڑھتے ہوئے اخراجات کے مقابلے میں کسی حد تک سہولت فراہم کی جائے اور یہ اقدام معاشی پالیسی میں کیا کردار ادا کرسکتا ہے۔وزیراعظم خصوصی فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق ابھی تک 25 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن ہوچکی ہے جبکہ 19 لاکھ سے زائد شہری ٹوکنز کے استعمال سے اس سہولت کا فائدہ اٹھا رہے ہیں یہ اعداد و شمار اسکیم کی وسعت اور اثر پذیری کا ثبوت ہیں۔

تاہم سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس طرح کا پٹرول ریلیف طویل المدتی معاشی فوائد فراہم کرسکتا ہے یا یہ صرف ایک عارضی سہولت ہے رجسٹریشن سے معلوم ہوتا ہے کہ کتنے افراد اسکیم کے تحت فائدہ حاصل کر رہے ہیں جبکہ ٹوکنز کا استعمال اس بات کا ثبوت ہے کہ امداد واقعی مستحقین تک پہنچ رہی ہے۔

اس اسکیم کے نتائج کو زیادہ موثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے ساتھ دیگر معاشی تدابیر بھی اپنائی جائیں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے ساتھ ساتھ اگر اشیائے خور و نوش اور دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتوں پر قابو نہ پایا گیا تو اس ریلیف کا اثر محدود رہ جائے گا حکومت کو چاہیے کہ وہ طویل المدتی پالیسیوں پر کام کرے تاکہ عام آدمی کو مستقل اور پائیدار معاشی ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

☆☆☆

پاکستان کی معیشت میں پیٹرولیم مصنوعات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ہونے والی تبدیلیاں صرف

تحریر:۔ زاہد اشرف
بیورو چیف اسلام آباد

گاڑیوں کے ایندھن کے اخراجات تک محدود نہیں رہتیں بلکہ ان کے اثرات نقل و حمل زراعت صنعت تجارت اشیائے ضرورت کی ترسیل اور عام شہری کے گھریلو بجٹ تک پھیل جاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جب عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھتی ہیں یا ملکی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہوتی ہیں تو اس کا دباؤ معاشرے کے تقریباً ہر طبقے کو محسوس ہوتا ہے بالخصوص محدود آمدن والے خاندان دہاڑی دار مزدور اور چھوٹے کاروباری افراد اس صورت حال سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ایسے معاشی حالات میں وزیراعظم پٹرول ریلیف اسکیم کی اہمیت اس بات میں ہے کہ اس کے ذریعے عوام کو بڑھتے ہوئے اخراجات کے مقابلے میں کسی حد تک سہولت فراہم کی جاسکے اور یہ اقدام معاشی پالیسی میں کیا کردار ادا کرسکتا ہے۔وزیراعظم



فارمر موٹر سائیکل سوار رکشہ ڈرائیور

خالی اسامیوں سمیت تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا طلب

ایف بی آر نے تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا 27 اکتوبر تک طلب کرلیا ہے، جس کے ساتھ خواتین اقلیتوں اور خصوصی افراد کے کوٹے کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔ اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کے مطابق ایف بی آر نے وفاقی سیکرٹریٹ میں سندھ کے کوٹے کے تحت خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگ لی ہیں۔ ایف بی آر نے تمام متعلقہ افسران سے یکم جولائی 2026 تک کا ملازمین کا سرکاری ڈیٹا مانگا ہے۔ مطلوبہ معلومات 27 اکتوبر تک فراہم کرنے کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میرٹ پر بھرتی ہونے والی خواتین کی تعداد، عہدوں اور 10 فیصد کوٹے کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اقلیتوں کے 5 فیصد کوٹے، اس کے تحت منظور شدہ، پر اور خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگی ہیں۔ سرکلر کے مطابق معذور افراد کے 2 فیصد کوٹے کا ریکارڈ بھی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سرکلر میں ایف بی آر نے ڈیٹا کے معاملے کو انتہائی فوری قرار دیا ہے۔ دوسری جانب ایف بی آر نے سندھ کی شہری و دیہی نشستوں کا ریکارڈ بھی طلب کرلیا ہے۔ نوٹس میں 4 ماہ سے زائد تاخیر پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ متعدد یاد دہانیوں کے باوجود سندھ کے شہری اور دیہی کوٹے کا ریکارڈ فراہم نہیں کیا جاسکا۔ ایف بی آر نے کراچی کمشنرز ان لینڈ ریونیو کو فوری حکم جاری کیا ہے۔

(1) صدارت کوئٹہ ڈویژن میں پولیو کی مجموعی صورتحال اور آئندہ پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے ڈویژن ٹاسک فورس ٹرن آئن اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو مہم کی کارکردگی، مسڈ چلڈرن، ریفیوزل ورزو ڈوز بچوں کی کوریج، سکیورٹی، مائیگرینٹ اور کمیونٹی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل کمشنر کوئٹہ ویٹ منیر احمد درانی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویٹ منیر احمد خان کے علاوہ ڈبلیو ایچ او اور دیگر اداروں کے افسران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویٹ منیر احمد درانی، ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام خان کے علاوہ ڈبلیو ایچ او کوارڈینیٹر ڈاکٹر امداد علی کے علاوہ ڈبلیو ایچ او آفیسر ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈپٹی ڈی ایچ او اور ڈپٹی ڈی ایچ او پروگرام، ڈبلیو ایچ او اور دیگر اداروں کے افسران موجود تھے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویٹ منیر احمد درانی نے کہا کہ پولیو مہم کی کارکردگی بہتر بنانے، عوامی شکایات کے مؤثر ازالے اور ریفیوزل ورزو ڈوز بچوں کی کوریج کو یقینی بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچہ پولیو سے محفوظ ہونا ہمارا مشترکہ ہدف ہے اور اس میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچے کی محفوظ زندگی ہماری ذمہ داری ہے اور اس کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع کوئٹہ میں 1400 ٹیمیں 1600 روز پولیو مہم کے دوران 300 روپے یومیہ کے حساب سے 1600 روپے ادا کیے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع کوئٹہ میں 1600 ٹیموں کی تربیت کا مرحلہ مکمل کیا جاچکا ہے۔

(2) بلوچستان میں پہلی بار پولیو کی بنیاد پر صرف پہلے سے گیسٹرو ایپورٹ کارڈ کے ذریعے ہی بچوں کو پولیو سے تحفظ کی ویکسین آسانی سے لگائی جاسکے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ سرحدی گزرگاہ سے متصل اور دیگر سامان کی ترسیل کیلئے استعمال ہونے والے ٹرکوں کے ڈرائیورز اور کلینرز کی بڑی تعداد بھی ہر سال پولیو مہم سے محروم رہ جاتی ہے۔ اس کے تدارک کیلئے ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام خان کے علاوہ سوہنی ہیلتھ اور ڈپٹی ڈی ایچ او زاہد کاسی، ڈپٹی ڈی ایچ او یوسف بلوچ، ریفیوزل ورزو ڈوز آفیسر ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈبلیو ایچ او کوارڈینیٹر ڈاکٹر امداد علی کے علاوہ ڈبلیو ایچ او اور دیگر اداروں کے افسران موجود تھے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ریفارمز فیصل سلیم رحمان، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور میئر کوئٹہ آغا شاہزیب درانی، ریفارمز کمیٹی سیکرٹریٹ سید حسنین شاہ و دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ چیئرمین کمیٹی سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کے دیہی علاقوں میں پولیو مہم کے دوران ٹیموں کو درپیش مشکلات کے حوالے سے بھرپور آواز اٹھائیں گے۔ انہوں

(01) املاک کو نقصان پہنچایا، جبکہ مجلی کی تحصیلات کی حفاظت کے حوالے سے سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ واقعے میں ملوث افراد کی شناخت اور گرفتاری سے متعلق معلومات سامنے آئی ہیں۔

(02) تھے مگر ان کے علاوہ ریاست کے تمام اداروں کا ہیڈ کوارٹر بھی یہاں تھا۔ ان میں ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ، ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر، ڈپارٹمنٹ آف لائیو سٹاک، ڈپارٹمنٹ آف فشریز، ڈپارٹمنٹ آف فنانس، ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹ، ڈپارٹمنٹ آف ورکس اینڈ سروسز، ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ، ڈپارٹمنٹ آف لوکل گورنمنٹ، ڈپارٹمنٹ آف ریونیو، ڈپارٹمنٹ آف لیبر، ڈپارٹمنٹ آف انڈسٹریز، ڈپارٹمنٹ آف ایکسائز، ڈپارٹمنٹ آف ٹورازم، ڈپارٹمنٹ آف ویمن ڈویلپمنٹ، ڈپارٹمنٹ آف سوشل ویلفیئر، ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر ایکسٹینشن، ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر ریسرچ، ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر انجینئرنگ، ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر مارکیٹنگ، ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر ٹرانسپورٹ

پختونخوا: پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کا مذاکرات میں علی امین گنڈاپور کی نمائندگی کا مطالبہ

مذاکرات میں صوبائی پارلیمانی پارٹی کو نمائندگی دی جائے، علی امین گنڈاپور کی جانب سے نمائندگی کریں، اعلامیہ

پشاور (بی این ایم) خیبر پختونخوا اسمبلی میں پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے متفقہ اعلامیے میں مذاکراتی عمل میں صوبائی نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مذاکرات میں صوبائی پارلیمانی پارٹی کو نمائندگی دی جائے اور علی امین (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

خلیج فارس میں 4 جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے

چاروں جہاز غیر قانونی طور پر تیل کی ترسیل کررہے تھے یا پسِ منظر اداران انقلاب

تہران (بی این ایم) تسنیم خلیج فارس میں 4 جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے باعث جہازوں میں آگ لگ گئی۔ پاسدارانِ



کوئٹہ: رکن صوبائی اسمبلی مولانا جاوید الرحمٰن بلوچ اسمبلی اجلاس میں تعزیتی قرارداد پیش کررہے ہیں

بلوچستان کی بلوچ اور پشتون خواتین تعلیم اور صلاحیتوں میں کسی سے پیچھے نہیں ہے، تانیہ بازئی

پیرو کرلیں، جدیٹوریز اور اعلیٰ تعلیم میں خواتین نے اپنی صلاحیتوں کو لوہا منوایا ہے، معروف قانون دان

کوئٹہ (بی این ایم) معروف قانون دان ایڈووکیٹ تانیہ بازئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی بلوچ اور پشتون خواتین تعلیمی لحاظ سے کسی سے پیچھے نہیں ہیں (باقی صفحہ 12 نمبر 2)

خضدار: تحصیل ہال میں سی پیک روڈ پر مرغی سپلائی کرنے والی گاڑی پر مسلح افراد کی فائرنگ

گاڑی کے چاروں ٹائر برسٹ اور انجن کو شدید نقصان، ہتاروں اور ٹرانسپورٹرز کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ

خضدار (بی این ایم) تحصیل ہال کے ایریا سی پیک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، مرغی سپلائی کرنے والی پک اپ گاڑی کو شدید نقصان۔ تفصیلات



کوئٹہ: پشتون ایوب میں کلی کچہری کے موقع پر ڈی ایس پی تھسولداری اور ایس ایچ او پشتون آباد فضل الرحمٰن ظلمی علاقے کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

اماراتی وزیر مملکت لانا ذئی نسیبہ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے عہدے کیلئے نامزد

لانا نسیبہ 2013 سے 2024 تک اقوام متحدہ میں یو اے ای کی مستقل مندوب رہ چکی ہیں

ایلچینگو (بی این ایم) متحدہ عرب امارات نے وزیر مملکت لانا ذئی نسیبہ کو باضابطہ امیدوار کے طور پر اقوام متحدہ کو خطوط ارسال کردیے ہیں۔ اماراتی (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

امریکا کا قومی قرض 40.4 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کرگیا، میڈیا رپورٹس

970 ارب ڈالر قرض کے سودی ادائیگیوں پر خرچ ہوتے ہیں جو امریکی دفاعی اخراجات سے بھی زیادہ ہیں

واشنگٹن (بی این ایم) امریکا کا قومی قرض صرف وہ ماہ کے دوران تقریباً 400 ارب ڈالر بڑھ کر 40.4 ٹریلین ڈالر کے قریب پہنچ گیا جس سے دنیا کی سب سے بڑی معیشت کو درپیش مالیاتی دباؤ اور

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، رحیم زیارتوال

سیاسی لوگوں کیخلاف انتظام پر مبنی کارروائیاں جاری ہے، جمہوری مقدمہ فوری ختم اور انہیں رہا کیا جائے، بیان

کوئٹہ (بی این ایم) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے پریس ریلیز میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری کی مذمت کرتی اور فی الفور رہائی کا مطالبہ کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سیاسی لوگوں کے خلاف انتظام (باقی صفحہ 3 نمبر 43)



باقی صوبائی وزیر عبدالغنی ہزارہ، علامہ ناصر موسوی، سردار رحید ہزارہ، شہزاد رحید عباس، عاشق حسین، اعجاز الحق سہزاد، احمد علی بلیدی، ڈاکٹر رمضان، گرجل (ر) علی مہدی اور دیگر سابق صوبائی وزیر سردار رضا گیلانی نماز جنازہ ادا کررہے ہیں

یورپی یونین کا افغانستان کی صورتحال کے سکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار

پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشت گردی مذاکرات کا دوسالوں دور اسلام آباد میں ہوا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بی این ایم) پاکستان اور یورپی یونین نے انسداد دہشت گردی تعاون پر مزید مضبوط ترکے کا اعادہ کرتے ہوئے افغانستان کی صورت حال کے سکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور دہشت گردی کے تحت ترین افغانستان کیلئے کئے گئے اپیکس نیوز کے مطابق وزیراعظم کے دی

ایران، عراق کیلئے فضائی سفر کرنے والے زائرین ہوشیار ہوجائیں، مذہبی امور کی ایڈوائزری جاری

پاکستانی زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز کے لیے سفری ایڈوائزری جاری کردی گئی ہے، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے اسلام آباد سے جاری بیان میں کہا کہ ایران اور عراق کے لیے فضائی سفر کرنے والے پاکستانی زائرین ہوشیار باش، پاکستانی زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

جعلی مگسی، معذوری کے ضعیف والدین کی قرآن پاک اٹھا کر بیٹے کی حفاظت رہائی کی اپیل

بھائی کے ہاتھوں میں مقدس قرآن پاک اٹھا کر اپنے بیٹے کی فوراً حفاظت، رہائی کی درخواست، اپیل کی ہے، گندواہ کا علاقہ کھاری میں واقع پانی اسکول سے چند روز قبل پراسرار طور پر اغوا کیے گئے معلوی صادق علی کے ضعیف والد معلوی ایالت علی اور بوڑھی والدین نے میڈیا رابطہ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)



کوئٹہ: پاکستان سینٹرل مائنر لیبر فیڈریشن آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر لالا محمد سلطان، سرفہرست مری، سابق جنرل سیکرٹری بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) مینگل عبدالحی بلوچ، منظور بلوچ، نورشاہ، شاہ علی بلوچ اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

قلات سے ملنے والی لاش کی شناخت نیگی کے نام سے کردی گئی

قلات (بی این ایم) گزشتہ شب سنگلاس کے مقام سے ملنے والی لاش کی شناخت نیگی ولد رحمت اللہ قوم بیداری سکنہ غریب آباد قلات کے نام سے ہوئی، لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی ورثاء کے مطابق وہ 4 یوم قبل گھر کے سامنے سے اغوا کیا گیا تھا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

غیر قانونی ونقصان دہ آن لائن مواد کو نظر انداز نہ کریں، رپورٹ کریں، ترجمان پی ٹی اے

اسلام آباد (بی این ایم) ترجمان پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا پر غیر قانونی، نقصان دہ اور ہراساں کرنے والے مواد کو نظر انداز کرنے کے بجائے اس کی ذمہ دار اور ذمہ دار رپورٹنگ یقینی بنائیں۔ ترجمان کے مطابق ایسا مواد صارفین کی ذاتی سلامتی، (ایکسٹمی الارم، ٹیلی نمبر پلیس اور سوشل نمبر پلیس) اور سوشل میڈیا پر ہتک آمیز، توہین آمیز، غیر قانونی اور شرمناک مواد کی اطلاع دینے کے لیے شدید ضرورت ہوسکتا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

ہم نے ابھی اپنی تمام صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، اگلے مرحلے کیلئے تیار ہیں، ایران

سفارت کاری کو ترجیح دیتے ہیں، جنگ چھیڑنا ہے تو انٹرنیٹ کیبلز، ڈیٹا سینٹرز، مصنوعی ذہانت کی تنصیبات بھی نشانے پر آسکتی ہیں، محسن رضائی

ٹرمپ نے جنگ ختم کرنے کی ایران کی تجویز کو انتواء میں ڈال دیا اور مذاکرات رک گئے ہیں، بیکر یٹری ایرانی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل

تہران (اے این این) ایرانی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ جنگ چھڑنا بے تو جوابی حملے جاری رکھنے کے لیے ضروری وسائل موجود ہیں، ہم نے ابھی اپنی تمام صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، اگلے مرحلے کے لیے بھی تیار ہیں۔ محسن رضائی نے اپنے بیان میں کہا کہ سفارت کاری کو ترجیح دیتے ہیں، جنگ چھڑتی ہے تو انٹرنیٹ کیبلز، ڈیٹا سینٹرز، مصنوعی ذہانت کی تنصیبات بھی نشانے پر آسکتی ہیں، ٹرمپ نے جنگ ختم کرنے کی ایران کی تجویز کو انتواء میں ڈال دیا اور مذاکرات رک گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ کے پاس جنگ ختم کرنے کا کوئی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

ملک میں مبینہ پولیس مقابلوں میں ہلاکتیں، سینیٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع

قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کمزور ہورہا ہے، سینیٹر کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (بی این ایم) ملک میں مبینہ پولیس مقابلوں میں ہلاکتوں کیخلاف پے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے مبینہ جعلی پولیس مقابلوں میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع کروادیا۔ توجہ دلاؤ نوٹس (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

سابق ایم این اے علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہیں، پشتونخوا میپ

ملک میں سیاسی جمہوری روایات اور آئینی وقانونی اقدامات کو فروغ دیا جائے، بیان

پریس ریلیز میں سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی سے آئین، جمہوریت (باقی صفحہ 3 نمبر 3)



کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی میں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کررہے ہیں

تربت شہر سے سبزی منڈی کی بکی کہن منتقلی کا فیصلہ، انتظامیہ اور تاجروں کا اہم اجلاس

شہر میں ٹریفک کا نظام بہتر بنانے کے لیے سبزی منڈی کی منتقلی ناگزیر ہوگئی ہے، ڈپٹی کمشنر

تربت (ن ر) ڈپٹی کمشنر تربت بابر اقبال وٹنی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل عابش خان بلوچ کی سربراہی میں سبزی منڈی کی تربت شہر سے منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد شعیب کنرانی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن تربت شعیب ناصر، سپرنٹنڈنٹ مارکیٹ سلیم علی، انجینئر پشتو آبزیور تمر سی منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس چاکر کھل، ایس ڈی (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

گندا ذہن فیڈر کے کھوں سے بجلی کی تاریں چوری، واپڈا حکام کی تصدیق

گندا ذہن (اے این این) پولیس تھانہ گندا ذہن حدود میں نامعلوم چوروں کی تاریں کی گندا ذہن فیڈر کے بجلی کے کھوں سے تاریں چوری کرکے لے گئے۔ واقعے کی تصدیق واپڈا گندا ذہن گرڈ اسٹیشن آپریٹر نے تھانہ کو رپورٹ دی۔ بجلی کی تاروں کی چوری کے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

زور گڑھ پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم گرفتار

گندا ذہن (بی این ایم) ایس ہو اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر اور مختلف مقدمات میں مطلوب ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او زور گڑھ حاجی خان لاشاری کی سربراہ میں قائم تھانہ کی ٹیم کو مدعی کے بیٹے کے اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

اوستہ محمد، ٹریفک پولیس کا فیسٹی نمبر پلیٹس، سیاہ شیشوں اور سرچ لائٹس کے خلاف کریک ڈاؤن

متعدد گاڑیوں کا سامان ضبط، چالان پیش، عوام کی جانب سے ٹریفک حکام کی کارروائی کا خیر مقدم

اوستہ محمد (بی این ایم) اوستہ محمد ٹریفک پولیس نے سرچ لائٹس، ایکسٹمی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشوں والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد گاڑیوں، موٹر کاروں اور موٹر سائیکلوں سے غیر قانونی سرچ لائٹس، فیسٹی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیٹ تار کراتے قبضے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

گیس کی عدم دستیابی سے عوام عذاب میں مبتلا ہیں، سید صادق آغا

سردیوں کے آغاز کیساتھ گیس بحران بھی انضافہ ہوگیا ہے۔ اعلان کردہ اوقات میں بھی گیس فراہمی تعطل رہتا ہے

کوئٹہ (بی این ایم) بلوچستان تحریک انصاف بلوچستان کے سینیٹر صادق آغا نے کہا کہ سئیلاٹ کان بحران، شخصیت سید صادق آغا نے کوئٹہ میں گیس کی عدم فراہمی پر شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ

ایل پی جی مافیا نے بدترین لوٹ مار شروع کردی ہے، سید امان شاہ

ایل پی جی مافیا نے پانچ روز میں عوام کو 2 کروڑ روپے کا چونا لگا دیا، صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (بی این ایم) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ایل پی جی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے، صوبائی ایل پی جی مافیا نے صرف پانچ روز کے دوران عوام کی جیبوں سے کروڑوں روپے نکال لیے ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے گیدڑوں پر تالے لگا کر خانہ پری کررہے ہیں، یہ ناقابل برداشت ہے، صوبائی ایل پی جی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

صحبت پور، پولیس کی کامیاب کارروائی، مطلوب خطرناک موٹر سائیکل ڈکیت گرفتار

ملزم زاہد حسین صحبت پور اور فیصل آباد کے متعدد قتلوں کی وارداتوں میں مطلوب تھا، تفتیش جاری

صحبت پور (بی این ایم) ضلع صحبت پور میں پولیس کی کارروائی کرتے ہوئے مختلف پولیس ٹھانوں کو مطلوب خطرناک موٹر سائیکل ڈکیت کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ مکلہ محمدی شہید کے عاملہ علی کمیل نے تھانہ پر مقدمہ درج کروایا کہ نامعلوم ملزمان نے موٹر سائیکل چھینگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ملزم ذاکر حسین ولد عبدالرشید کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم صحبت پور اور ضلع شہید بے نظیر آباد (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

ایران کا افغرہ یورٹینیم امریکا سے مذاکرات میں بڑی رکاوٹ بن گیا

دوحہ (بی این ایم) ایران کے جوہری پروگرام کے معاملہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے جاری مذاکرات میں ایک بڑی رکاوٹ بن گیا ہے۔ عرب میڈیا میں شائع کی گئی ایک خصوصی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا (باقی صفحہ 44)

کراچی: نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے زخمی 2 موٹر سائیکل سوار دوران علاج دم توڑ گئے

کراچی (بی این ایم) ملیر ہالٹ ریور روڈ پر نارتھ بائی پاس کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے زخمی 2 موٹر سائیکل سوار دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں زخمیوں نے بدھ اور جمعرات (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

اسلام آباد: 12 سالہ لڑکی کو بلیک میل کرنے والے 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا

اسلام آباد (بی این ایم) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کیس میں 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا سنادی۔ ملزمان پر جھوٹی طور پر 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ کیس کا فیصلہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل بھوجر نے سنایا، سیکشن 22 کے تحت، دونوں ملزمان (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

کاروبار کی باگ ڈور نجی شعبہ کے پاس ہونی چاہیے، محمد علی

پاکستان کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے برآمدات میں اضافہ، نجی سرمایہ کاری اور اصلاحات کا تسلسل ناگزیر ہے

پاکستان میں اصلاحاتی منصوبوں کی کمی نہیں لیکن اصل مسئلہ ان پر تسلسل کے ساتھ عملدرآمد ہے، وزیراعظم کے مشیر برائے تجارکاری کا ای او سمٹ سے خطاب

سرمایہ کاری کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور بنیادی انفرادی قوت کی تیاری پر توجہ دینا ہوگی، بجلی، ویٹیم اور بجلہ ریٹس جیسے ممالک نے طویل عرصے پالیسیوں اور اپنی معاشی صلاحیتوں سے استفادہ کر کے اپنی برآمدات کو بڑھایا، جو کہ پاکستان سے بہت کم ہے، محمد علی

اسلام آباد (بی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ پاکستان کو معاشی مشکلات سے نکالنے اور پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے مستقل مزاجی سے اصلاحات جاری

ڈپٹی جنرل سیکریٹری پی ٹی آئی فردوس شیم نقوی کا استعفیٰ ویڈیو پیغام جاری

اسلام آباد (بی این ایم) تحریک انصاف کی ڈپٹی جنرل سیکریٹری فردوس شیم نقوی کا استعفیٰ منظور نہیں کیا۔ پیر سٹر گوہر علی خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ہم نے ابھی اپنی تمام صلاحیتیں استعمال نہیں کیں اگلے مرحلے کیلئے تیار ہیں ایران

ٹرمپ نے جنگ ختم کرنے کی ایران کی تجویز کو انتواء میں ڈال دیا اور مذاکرات رک گئے ہیں، بیکر یٹری ایرانی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل

سفارت کاری کو ترجیح دیتے ہیں، جنگ چھڑتی ہے تو انٹرنیٹ کیبلز، ڈیٹا سینٹرز، مصنوعی ذہانت کی تنصیبات بھی نشانے پر آسکتی ہیں، محسن رضائی

کاروبار کی باگ ڈور نجی شعبہ کے پاس ہونی چاہیے محمد علی

پاکستان کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے برآمدات میں اضافہ، نجی سرمایہ کاری اور اصلاحات کا تسلسل ناگزیر ہے

پاکستان میں اصلاحاتی منصوبوں کی کمی نہیں لیکن اصل مسئلہ ان پر تسلسل کے ساتھ عملدرآمد ہے، وزیراعظم کے مشیر برائے تجارکاری کا ای او سمٹ سے خطاب



استاد محمد، ڈپٹی کمشنر استاد محمد رمضان چال ہنتہ وار منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وفاقی حکومت نے ٹائروں اور موٹر سائیکل پرزہ جات کے نئے کسٹم ڈوٹی جاری کردیے

حکومت نے کسٹم نوٹیفکیشن میں ترمیم کرتے ہوئے نئے پی سی او کوڈز شامل کردیئے

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی حکومت نے کسٹم نوٹیفکیشن (ایس آر او 693(I)/2006 میں ترمیم کرتے ہوئے نئے پی سی او کوڈز شامل کر دیے۔ وزارت خزانہ کے ریونیو ڈویژن نے ایس آر او 1898(I)/2026 جاری کیا ہے۔ اس کے تحت ہیوی کمرشل گاڑیوں کے ریڈیل ٹائروں کے لیے پی سی او 4011.2091 اور موٹر گاڑیوں کے لیے 4011.2099 مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں کے مختلف پرزہ جات کے لیے پی سی او 8714.1090 جاری کیا ہے۔ اس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)



کوئٹہ: چیف سیکرٹری بلوچستان تشفیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سردار شاہ علی ہزارہ کی وفات پر بلوچستان شیعہ کانفرنس کا گہرے رنج وغم کا اظہار

کوئٹہ (بی این ایم) صدر بلوچستان شیعہ کانفرنس و جملہ کابینہ نے ممتاز قانونی ماہر، بزرگ وقوم کے بزرگ، سردار شاہ علی ہزارہ کی وفات پر گہرے رنج وغم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر بلوچستان شیعہ بلوچستان شیعہ کانفرنس نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ سردار شاہ علی ہزارہ کی وفات سے (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

سپریم کورٹ نے ریکروٹمنٹ رولز 2014 بحال کردیا، فیڈرل سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم

ریلیف انسران کی تنیاری کے متعلق فیڈرل سروس ٹریبونل کا 19 ستمبر 2025 کا فیصلہ بھی کالعدم قرار

اسلام آباد (بی این ایم) سپریم کورٹ نے کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کردیا۔ سروس ٹریبونل نے 15 جولائی 2014 کے مرتب کردہ ریکروٹمنٹ رولز کو کالعدم قرار دیدیا۔ جسٹس عائشہ ملک نے تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کا 19 ستمبر 2025 کا فیصلہ بھی کالعدم قرار دیا۔ سروس ٹریبونل نے 2014 کے مرتب کردہ ریکروٹمنٹ رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

خضدار، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری سے مختلف مکاتب فکر کے وفود کی ملاقات

خضدار کی جمودی ترقی، تعلیم اور کھیلوں کے فروغ کیلئے تجاویز پر تبادلہ خیال میں شامل رہنے کی، قاتم زوب اختلاف بلوچستان اسمبلی

خضدار (بی این ایم) قاتم زوب اختلاف بلوچستان اسمبلی و ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری سے گزشتہ روز خضدار میں ان کی رہائشگاہ پر خضدار کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سیاسی و سماجی و قبائلی شخصیات، جماعتی احباب، کاروباری حضرات، مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوام، اساتذہ کرام اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماں اور عوام کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

اصغر اچکزئی کی گرفتاری کی شدید مذمت، فوری رہائی کا مطالبہ، رؤف مینگل

خضدار (بی این ایم) بلوچستان نیشنل پارٹی مرکزی سینئر انفارمیشن سیکرٹری و ممبر سابق اسمبلی عبدالرحیم مینگل نے ممبر سابق اسمبلی و سینیٹر اصغر اچکزئی کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بادارے آئین، قانون اقدام سیاسی (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

پیپلز پارٹی کی رہنما سکینہ عبداللہ خان کی وفاتی وزیر چوہدری سالک حسین سے اہم ملاقات

بلوچستان کے تعلیم، فشیریز، داخلہ اور ہیرج گرانٹس سمیت تمام اہم تحتی بنیادوں پر تبادلہ خیال

کوئٹہ / اسلام آباد (بی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری و ممبر سابق کوئٹہ میونسپل کارپوریشن کونسلر سکینہ عبداللہ خان نے وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز، ہیومن ریسورس ڈیولپمنٹ و ورکر ویلفیئر چوہدری سالک حسین سے ایک اہم (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

عوامی مسائل کا فوری حل اور شہریوں کو انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے، فضل الرحمٰن

منشیات فروشوں اور شیشہ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ایس ایچ او پشتون آباد

کوئٹہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات پیش (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

کوئٹہ۔چمن شاہراہ پر پرائیویٹ چیک پوسٹیں اور اسلحے کی نمائش ناقابل برداشت ہے، پشتونخوا میپ

چمن (بی این ایم) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے کوئٹہ۔چمن قومی شاہراہ پر چاری ہڑتالی، جمعہ خوری اور نجی ملیشیا کی جانب سے قائم پرائیویٹ چیک پوسٹوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کوئٹہ: چیف سیکرٹری بلوچستان تشفیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں